انڈیا INS INDIA
WORLD'S NO-1-URDU NEWS AGENCY

سیکرٹری خارجہ کا دورۂ ٹوکیو

22اپریل،2014

خارجہ سکریٹری محترمہ سجاتا سنگھ 23 سے 26اپریل،2014 تک ٹوکیو کے دورے پر ہوں گی۔ وہ باہمی، علاقائی اور بین الاقوامی مسائل پر جاپان کے نائب وزیر خارجہ اکیتا کا سیکی کے ساتھ مشاورت کریں گی۔

وزارت خارجہ میں ملاقاتوں کے علاوہ، سیکرٹری خارجہ جاپان کی وزارت دفاع، اقتصادیات، تجارت اور صنعت کی وزارت اور جاپان انٹرنیشنل کارپوریشن ایجنسی میں اپنے ہم منصبوں کے ساتھ بھی صلاح ومشورہ کریں گی۔ وہ اساتذہ اور اسکالرز کے ایک گروپ کو خطاب کریں گی اور جاپان کی مخصوص خواتین رہنماؤں سے ملاقات کریں گی۔

سیکرٹری خارجہ کے دورۂ جاپان کے دوران ہند- جاپان اسٹریٹیجک اور گلوبل پارٹنرشپ کی رفتار کو برقرار رکھنے اور سالانہ سمٹ میں طے شدہ خیالات اور منصوبوں کے نفاذ پر توجہ دی جائے گی۔

نئی دہلی،

22اپریل،2014

I-91, Lubna House, Batla House, Jamia Nagar New Delhi-110025, Ph:26982149.26985681